Longing to Pay Homage

A Collection
of Translated Hymns and Devotional Poems
in Honour of
the Holy Prophet Muhammad ﷺ

Dr. Aziz Ahsan

In the name of ALLAH, The Benificient, The Merciful

Dedicated to

The moment that inspired me to delve into composing devotional poetry in Urdu, and illuminated the path for translating the same into English renderings.

With humble offerings,

Aziz Ahsan

Longing to Pay Homage

A Collection
of Translated Hymns and Devotional Poems
in Honour of
the Holy Prophet Muhammad ﷺ

Dr. Aziz Ahsan

NAAT RESEARCH CENTRE, KARACHI

All Rights Reserved

Title of Book:

LONGING TO PAY HOMAGE

A Collection of Translated Hymns and Devotional Poems in Honour of the Holy Prophet Muhammad ﷺ

Author and translator:	Dr. Aziz Ahsan
Edition:	First
Year of Publication:	Nov.2024(Jamadi Ul Awwal 1446)
Copies:	500
Pages:	80
Price:	Rs.800
Publisher:	Naat Research Centre, B-306,Block 14,Gulistan-e-Jauhar, Karachi. Postal Code:75290
Email:	sabeehrehmani@gmail.com Abedulazizkhan49@gmail.com
Web:	www.naatresearchcenter.com
Printed by:	Fazleesons (Private) Limited, Karachi, Pakistan.

ISBN 978-969-8918-93-4

Foreword

Over the past 50 years, I have devoted myself to composing Na'tia Poetry and have produced several poetic works in the Urdu language. As I reflect on my journey, I believe that the fervour and passion embedded in my poetry should reach a wider audience, particularly those not well-versed in Urdu. Therefore, I have endeavoured to translate my couplets and stanzas into English prose poems, aiming to offer a glimpse of devotional poetry to those who are more comfortable with the English language.

My initial aim was to engage fellow poets who are dedicated to composing devotional poetry in praise of the Holy Prophet Muhammad (ﷺ) inspiring them to create such poetry with the utmost aesthetic beauty. Such poetry should exude a captivating beauty of expression to resonate with its audience. Moreover, the translations need to uphold authenticity and precision, ensuring that the devotional poetry dedicated to praising the Holy Prophet(ﷺ) reflects the essence of passion, simile, historical context, and linguistic artistry.

My previous works, such as "Excellence of N'at, Conditions and Standards" and "The Creative Aesthetics of N'at," took on a critical perspective. This current endeavour of translating my Urdu devotional poetry into English، marks my third attempt. I humbly acknowledge my limitations in conveying the true essence and essence of the themes, likening this endeavour to the scribbles of an infant on a tablet. I hope that this effort will inspire other genuine poets to undertake the noble task of

translating devotional poetry into various languages, thus spreading the message of love for the revered personality of Muhammad(ﷺ).

While I have never attempted to write prose poetry in Urdu, I find comfort in doing so in English. The original text that lay before me in Urdu encapsulates my heartfelt passion and fervour. I kindly request readers to share their feedback on my endeavours to translate poetic texts into English prose poems.

May Almighty (اللہ سبحانہٗ تعالیٰ) grant me the wisdom and guidance to execute this sacred task with accuracy in the future. May my humble attempt be seen as a sincere reflection of my profound sentiments.

Warm regards,

Aziz Ahsan

Saturday, 12th October 2024
8th Rabiuthani 1446H.

فہرست

1- Wanderer of the desert of Astonishment!	2	۳	۱۔دل پر مرے احساس نے جو حرف
2- The Secret of the Absolute Unity of Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)	6	۷	۲۔ سرِّ توحید
3- Appearance of Dawn	10	۱۱	۳۔طلوعِ سحر
4- Pen writes illumination by ink	14	۱۵	۴۔میرا خامہ جو یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لکھے
5- Charity of the emerald Dome!	20	۲۱	۵۔نظر کو گنبدِ خضرا کی بھیک ملتی رہی
6- Discussion echoed!	22	۲۳	۶۔ نورِ احمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُس دم ہوئی گفتگو
7- Divine Blessings!	26	۲۷	۷۔توفیقِ ثنا جو مل رہی ہے
8- Signs of completion of the Divine Religion!	30	۳۱	۸۔نقش کامل دین کے مشہود ہیں
9- Absence of sincerity	34	۳۵	۹۔ شمیمِ ذوقِ عمل مدّتوں سے آئی نہیں
10-Fear of accountability!	38	۳۹	۱۰۔قائم ہو جب بھی بزم سوال و جواب کی
11-Beneficence of Huzur(صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)	42	۴۳	۱۱۔احسانِ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
12-Dedication	46	۴۷	۱۲۔ انتساب ۔۔۔۔۔فیض احمد فیض کا
13- Plea	56	۵۷	۱۳۔عرضداشت
14-If every nation were to grasp the concept of Prophet hood	58	۵۹	۱۴۔ ہوا گر ہر قوم دنیا میں رسالت آشنا
15-Urge to refine character	62	۶۳	۱۵۔ پہلے کردار کی جلا کیجے
16-Dedication	66	۶۷	۱۶۔انتساب
17-Fragment of Devotional Verse	70	۷۱	۱۷۔نعتیہ قطعہ
18-Celestial journey (The Secret of Maeraj)	72	۷۳	۱۸۔رمزِ معراج
19-Message of Forgiving	74	۷۵	۱۹۔ پیامِ مغفرت
20-Poetic form to express love of the Holy Prophet(صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)	76	۷۷	۲۰۔اک صنفِ سخن جس کا تعلق ہے نبیؐ سے
21-Hope of reaching Taiba!	78	۷۹	۲۱۔عزیزؔ شہرِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم شہرِ آرزو ہے مرا

①

Wanderer of the Desert of Astonishment!

My emotions have etched an alphabet on my heart
readable only by You, O Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)

Your(سبحانہٗ تعالیٰ)image is obscured by the brilliance of Your light;
the mirror of amazement awaits, open lapped

Each eye remains blind to the multitude of colours
the secret of Your Unity(سبحانہٗ تعالیٰ) has never been disclosed

O Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)You have ignited a new passion in the eyes
eager for wonderment at every turn

Anything contrary to Your command cannot transpire
all works are accomplished as per Your(سبحانہٗ تعالیٰ)plan

Every soul finds solace under your protection
Your merciful gaze tends to every wound

(۱)

دل پر مرے احساس نے جو حرف لکھا ہے
ہے تیرے سوا کون کہ جس نے وہ پڑھا ہے

تصویر تری کثرتِ جلوہ سے ہے معدوم
آئینۂ حیرت ہے کہ آغوش کُشا ہے

ہر آنکھ ہے رنگوں کی فراوانی سے خیرہ
وحدت کا تری بھید کھلا تھا نہ کھلا ہے

تو نے ہی تو ہر مرحلۂ شوق میں یارب!
اِس چشمِ تماشا کو نیا عزم دیا ہے

جو تو نہیں چاہے وہ کبھی ہو نہیں سکتا
ہر کام فقط تیرے ارادے سے ہوا ہے

ہر جاں کو تسلی کہ حفاظت میں ہے تیری
ہر زخم تری چشمِ عنایت سے بھرا ہے

The faith in Your existence enriches my soul
the certainty of Your proximity polishes my heart

You alone have bestowed upon me the articulateness
For my feelings in words

O my Lord!(سبحانہٗ تعالیٰ)bestow Your mercy upon Ahsan
he wanders the desert of astonishment in search of You

ایماں ترے ہونے کا، مری جاں کا اثاثہ
ایقان ترے قُرب کا اس دل کی جِلا ہے

تو نے ہی مجھے نُطق کی دولت سے نوازا
تونے مرے احساس کو اظہار دیا ہے

احسنؔ پہ عنایات کے در باز ہو ں یارب!
یہ دشتِ تحیر میں تجھے ڈھونڈ رہا ہے

②

The Secret of the Absolute Unity of Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)

I stood in the mountain valley
Where the dawn's bride arrived Unveiled
ready to reveal the divine secret
The air resonated with hymns of
Allah's(سبحانہٗ تعالیٰ)

absolute Unity!
The voice of "ONE","ONE" echoed in my ears
The breeze sang praises to the Unity of
Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)
In the mountain stream, the rushing water echoed
The loud voice of ONE","ONE" reverberated"

The air stirred the trees
Every leaf was wavy and thrilled with the same hymn
The divinity of Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)
flowed within my blood

(۲)

سرِّ توحید

میں وادیٔ کوہ میں کھڑا تھا
جہاں عروسِ سحر نے آ کر
نقاب رخ سے اُلٹ دیا تھا
وہ سرمدی راز کھولنے پر تُلی ہوئی تھی!

فضا میں توحید کے ترانے ہی گونجتے تھے
اَحد اَحد کی صدا سماعت میں بس رہی تھی
ہواؤں میں ہویَّت کے نغمے بکھر رہے تھے
پہاڑی ندی کے شور میں بھی
اَحد اَحد کی پکار محسو ہو رہی تھی

ہوا نے اشجار کو جگایا!
تو پتَّا پتَّا اُسی ترانے سے جھوم اٹھا تھا
ہمیشگی رَبِّ ذوالمنن کی!
مرے لہو میں سما رہی تھی

The essence of God's Oneness permeated
every vein of mine
My being bowed in servitude
I voiced hymns of Allah's(سبحانہٗ تعالیٰ)grandeur
My tongue tasted a new flavour in my
speech
In a state of exhilaration
I learned the lesson of consciousness

After discovering the path to
Allah's(سبحانہٗ تعالیٰ)grandeur
As I journeyed forward
My heart
offered a multitude of prostrations
And there, the sacred waters of the River
Kauser
received as gift
I stood in the mountain valley
Where the dawn's bride arrived
And revealed herself

وہ سرِّ توحید میری نس نس میں بس چکا تھا
مرا سراپا
نیاز مندی سے جھک رہا تھا!
میں اس کی عظمت کے سارے نغمے
زباں پہ لایا
تو میرے نطق و زباں پہ اک ذائقہ نیا تھا
سرور کی منزلوں میں، میں نے
شعور کا درس پا لیا تھا

میں عظمتِ ذوالمنن کی
اک شاہراہ پا کر
بڑھا جو آگے
تو میرے دل نے
ہزار سجدے وہیں گزارے
وہیں پہ وحدانیت کا کوثر
بطورِ انعام، میں نے پایا
میں وادیٔ کوہ میں کھڑا تھا
جہاں عروسِ سحر نے آ کر
نقاب رُخ سے اُلٹ دیا تھا

③

Appearance of Dawn

The light of consciousness emanates from
him(ﷺ)
the insight into life is a gift from him(ﷺ)
Even the understanding of life after death is acquired
from him(ﷺ)
who(ﷺ)appeared on the hill of Safa,
bringing
the message of the Unity of Allah!(سبحانہٗ تعالیٰ)
His(ﷺ)shadow
remained unseen in the material world
yet casted a vast shadow
over both the worlds
for his(ﷺ) sacred being is a shadow of
vast mercy
The man sought protection from the heat of
oppression

(۳)

طلوعِ سحر

شعور کی روشنی اُسی ﷺ سے
حیات کی آگہی اُسی ﷺ سے
حیاتِ بعد الممات کا درک بھی اُسی ﷺ سے
کہ جو ﷺ صفا پر
طلوع ہو کر
پیامِ توحید لے کے آیا
وہ ﷺ جس کا سایہ
کبھی نہ دیکھا گیا جہاں میں
مگر دو عالم کے واسطے
اُس ﷺ کی ذاتِ اقدس
ہے رحمتوں کا
وسیع سایہ
اُسی ﷺ کے دامن میں
جبر کی دھوپ سے جھلس کر

In his cloak
In his cloak the
refuge from oppression is still possible
yet the world has yet to fully grasp his
blessings
The dawn that humanity has sought since
time immemorial
will arise from his(ﷺ)city
The tradition of spreading light began at his
doorstep
and today too, light can be sought from
him(ﷺ)

پناہ ڈھونڈی تھی آدمی نے
اُسی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامن میں
آج بھی ہے پناہ۔۔۔۔لیکن
ابھی جہاں
اُس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمتوں کا شعور
حاصل نہ کر سکا ہے
وہ جس سحر کی تلاش میں ہے ازل سے انساں
سحر وہ اُس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
دیار ہی سے طلوع ہوگی
کہ رسمِ تقسیمِ روشنی بھی
اُسی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے در سے چلی تھی پہلے
اور اب بھی
یہ روشنی
اُسی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذات سے ملے گی!

④

Pen Writes Illumination by Ink

My pen for composition, when it writes O Prophet (ﷺ)
writes illumination by ink

Whoever conveys His words.....
inscribes enlightenment for every era

The one who aspires for artistic excellence.....
should write each meaningful utterance with diligence

Meaning, with care at dawn and dusk.....
only write our Master's (ﷺ) words or narrative

Send eternal blessings and peace upon Him (ﷺ)
write praises for the Makki and the Abtahi

Speak about the sun of spirituality (ﷺ)
write about the life of the king of Batha (ﷺ)

(۴)

میرا خامہ جو یا نبی ﷺ لکھے
روشنائی سے روشنی لکھے[۱]

جو بھی اُن ﷺ کا کلام دھرائے
ہر زمانے میں آگہی لکھے[۲]

جس کو مطلوب ہے کمالِ ہنر
وہ ہر اک بات کام کی لکھے[۳]

یعنی بااہتمام شام و سحر
صرف آقا ﷺ کی بات ہی لکھے[۴]

اُن ﷺ پہ بھیجے سدا درود و سلام
مدحِ مکی و ابطحی لکھے[۵]

مہرِ روحانیت ﷺ کی بات کرے
شاہِ بطحا کی زندگی لکھے[۶]

I wish the pen learns this art.....
writes every single word candidly

It writes about high character of Master of two worlds(ﷺ)
and show the light of his(ﷺ)decent attitude spreading

Mention the companions of the Noble
write about their affairs of friendship

Even the stories of the saints, it should write down
with the deepest love of our Master(ﷺ)

This is the approach of the pious
writing oneself as a follower of Muhammad(ﷺ)with
sincerity

The devotional poetry for praising the Holy Prophet(ﷺ)is to
be composed in fresh style
writes radiance of thought anew

I wish that now my pen
writes about the dream of seeing my Lord(Muhammad ﷺ)

یہ ہنر کاش سیکھ لے خامہ
بات جو بھی لکھے کھری لکھے(۷)

اُسوۂ سرورِ دوعالم ﷺ کی
روشنی پھیلتی ہوئی لکھے(۸)

ذکرِ اصحابِ ذوالکرام کرے
ان کا احوالِ دوستی لکھے(۹)

اولیاء کی حکایتیں بھی قلم
عشقِ آقا ﷺ کے ساتھ ہی لکھے(۱۰)

صُلحا کا یہی طریقہ ہے
دل سے خود کو محمدی لکھے(۱۱)

تازہ اسلوب میں ہو نعتِ نبی ﷺ
فکر کی ضو نئی نئی لکھے(۱۲)

آرزو ہے کہ اب قلم میرا
دیدِ آقا ﷺ کا خواب بھی لکھے(۱۳)

The words carry the essence of my heart
every letter should reflect a bit of my teary emotions

The secret of the divine verse's command to come to you
(O Muhammad ﷺ) should also be opened on my heart
the pen writes with joy at some moment

Your Exalted Lord(ﷺ) has also prayed for you(O poet.....!)
It writes that you hereby pardoned

The alphabet writes the sense of servitude being an interpreter
of the love of my Master(ﷺ)

I wish that someday my pen writes
A new joy of my presence in the court of Muhammad(ﷺ)

It writes, my presence, in such a manner.....
That I shall not return from the city of Muhammad ﷺ

Every time the pen of Aziz Ahsan writes
it pens down a devotional ode in praise of the Exalted Human
being of the universe Muhammad(ﷺ)

رِقتِ قلب بھی ہو لفظوں میں
حرف اشکوں کی کچھ نمی لکھے[۱۴]

سرِّ جآؤَک بھی کھلے دل پر
شاد ہو کر قلم کبھی لکھے[۱۵]

تیرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی دعا کردی
مغفرت ہوگئی تری، لکھے[۱۶]

عشقِ سرور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ترجماں بن کر
حرف احساسِ بندگی لکھے[۱۷]

کاش یوں ہو! کہ پھر قلم میرا
حاضری کی نئی خوشی لکھے[۱۸]

واپسی پھر نہ ہو مدینے سے
اس قرینے کی حاضری لکھے[۱۹]

جب لکھے خامۂ عزیز احسنؔ
نعتِ خیرالانام ہی لکھے[۲۰]

⑤

Charity of the Emerald Dome!

My eyes continued to receive the charity of the emerald dome
The era has now passed since these blessings were received

It is strange that those who accepted this faith long ago are now distant from righteousness
Centuries have passed since they embraced this gift

Oh, Lord!(اللہ سبحانہٗ تعالیٰ)May this community now walk the path of religion
The ages have passed, forgetting this way for a long time

(۵)

نظر کو گنبدِ خضرا کی بھیک ملتی رہی
ہوا زمانہ یہ خیرات بھی وصولے ہوئے

عجیب بات کہ اب ہیں عمل سے دور وہی
گزر گئیں جنھیں صدیاں یہ دیں قبولے ہوئے

الٰہی! اب تو یہ ملت بھی دیں کی راہ چلے
گزر گئے ہیں زمانے یہ راہ بھولے ہوئے

6

Discussion Echoed!

The discussion of the light of Ahmad(ﷺ)prevailed, when the tablet and pen were not even mentioned

My Allah(اللہ سبحانہٗ تعالیٰ)was a hidden treasure; the air resonated with the talk of Muhammad(ﷺ)

You(O my Lord, Muhammad ﷺ)were present on the pulpit of righteousness, when the worlds were not resounding with discussions

Blessed discussions about my Master(ﷺ)were held amongst all the Prophets(علیہم السلام)

In their own times, each nation was inspired by their respective Prophets about the coming of Muhammad(ﷺ)into the material world

Who knows what discussions and affairs transpired in the night of Muhammad's(ﷺ)ascension to the heavens

(٦)

نورِ احمد ﷺ کی اُس دم ہوئی گفتگو
جب کہ لوح و قلم کی نہ تھی گفتگو

کنزِ مخفی ہی تھا میرا رب جس گھڑی
تھی فضا میں محمد ﷺ کی ہی گفتگو

آپ اس وقت بھی منبرِ حق پہ تھے
جب عوالم میں گونجی نہ تھی گفتگو

سارے نبیوں سے آقا ﷺ کی بابت ہوئی
میرے اللہ کی خوب ہی گفتگو

اپنے اپنے زمانے میں ہر قوم سے
اُن ﷺ کی آمد کی نبیوں نے کی گفتگو

کون جانے کہ معراج کی رات میں
کن عوالم میں کیا کیا چلی گفتگو

During the separation from Taibah, my heart conversed about
the holy court at dawn and dusk

His(ﷺ)sacred name remained on the lips,
the longing for presence before him (ﷺ)became the essence
of discussion

When the heartbeat began to mention my Master(ﷺ)
the conversations turned into a cloak of blessings

May the love of Muhammad(ﷺ)give speech to my actions,
so that complete adherence to him(ﷺ)is achieved through
conversation

The listener of my Master's(ﷺ)pure language, upright
speech, devoted his love from the depth of his heart

Beware, Ahsan, that your claims of love for your Master(ﷺ)
do not turn into idle chatter!

ہجرِ طیبہ میں شام و سحر دل نے کی
مجھ سے دربارِ اقدس کی ہی گفتگو

ان کا اسمِ گرامی لبوں پر رہا
حاضری کی تڑپ بن گئی گفتگو

دل کی دھڑکن نے جب ذکرِ آقا ﷺ کیا
پھر درودوں کی چادر بنی گفتگو

اُن ﷺ کی الفت عمل کو زباں بخش دے
یوں بنے سربسر پیروی گفتگو

پاک لہجے پہ دل سے فدا ہوگیا
میرے آقا ﷺ کی جس نے سنی گفتگو

حُبِّ آقا ﷺ کے دعوؤں میں احسنؔ کبھی
ہو نہ جائے نِری کھوکھلی گفتگو!

⑦

Divine Blessings!

If blessed with the grace to write praises
my heart is under the benevolent gaze
of my Master Muhammad(ﷺ)

O my Master(ﷺ)grant me the honour of being at your feet
my heart yearns for this

I am convinced that one day I will attain skill
I have exerted a little effort in composing devotional poems for praise

Present in thought at the threshold
the feeling of wonderment is profound in my heart

If only the awareness in my devotional poetry also manifests in my actions as a follower

May the hue of obedience be deepened
so my conduct speaks'Muhammadan(ﷺ)

(۷)

توفیقِ ثنا جو مل رہی ہے
اِس دل پہ نظر حضور ﷺ کی ہے

آقا ﷺ مجھے در پہ حاضری کا
اب اذن ملے کہ بے کلی ہے

مل جائے گا کچھ ہنر بھی اک دن
کوشش تو ثنا کی میں نے کی ہے

حاضر ہوں خیال میں جو در پر
احساس میں کیا شگفتگی ہے

اے کاش! ہو پیروی کی مظہر
نعتوں میں جو آج آگہی ہے

گہرا ہو وہ رنگ پیروی کا
کردار کہے ''محمدی'' ہے

One name carries the essence of illumination
all brightness emanates from that name

The hearts are filled with a profound love for the King of two worlds(ﷺ)
the souls, too, exude a sense of freshness

May I be rewarded for my praises by beholding Him(ﷺ)
This desire resonates deeply within my heart

The ability to praise the Master(ﷺ) of the religion has been bestowed upon Ahsan through fate

اک نام ہے روشنی کا حامل
اِک اسم کی سب یہ روشنی ہے

حبِّ شہِ دوسرا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دلوں میں
روحوں میں بھی ایک تازگی ہے

مدحت کے صلے میں اُن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھوں
دھڑکن میں یہ آرزو بسی ہے

توفیقِ ثنائے سرورِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دین
احسنؔ کو نصیب سے ملی ہے

⑧

Sings of Completion of the Divine Relgion!

The signs of the completion of the divine religion are evident
now all claims of the continuity of divine revelation are
rejected

Without a doubt, the days for praising my Master(ﷺ)are
limited in life

The paths of thought and artistry in this land
are enclosed within concentric circles

Efforts towards perfecting the art
are all in vain in the realm of devotional praises

How can one fulfil the duty of writing praises
when He(ﷺ)is the Beloved of the Creator and Worshiped
One

The heart's world has been illuminated
Yes, He(ﷺ)is indeed present in this heart

(۸)

نقش کامل دین کے مشہود ہیں
اب دعاوی وحی کے مردود ہیں

بے گماں، آقا ﷺ کی مدحت کے لیے
زندگی کے دن بڑے محدود ہیں

اس نگر میں فکر و فن کے راستے
دائرہ در دائرہ مسدود ہیں

کوششیں تکمیلِ فن کی بالیقیں
قریۂ مدحت میں سب بے سود ہیں

حقِ مدحت کس طرح سے ہو ادا
وہ حبیبِ ﷺ خالق و معبود ہیں

دل کی دنیا میں اُجالے ہوگئے
ہاں وہی اس دل میں بھی موجود ہیں

O King of all era's! ﷺ a single glance upon us[please]
the true ones among us are now lost

Now there are no longer flowers in our laps
from head to toe, we are merely gunpowder

O Prophet! (ﷺ) The efforts of all strata of the Ummah
are even working against their own well-being

How can Ahsan describe the state of ruination
the values of the religion are extinguished here

اک نظر شاہِ زمن، ہم پر بھی ہو
ہم میں سچے لوگ اب مفقود ہیں

اب ہماری جھولیوں میں گُل نہیں
سر سے پا تک ہم فقط بارود ہیں

یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! امت کے سب طبقات کی
کوششیں بھی ناقصِ بہبود ہیں

کیا بیاں احسنؔ کرے حالِ تبہَ
دین کی قدریں یہاں نابود ہیں

⑨

Absence of Sincerity

The fragrance of love and the sincerity of affection have long been absent
The facade of a love attitude is likened to the Himalayan Mountains, while purity is scarce

The yearning to stand before the sacred court of Muhammad (ﷺ)makes my heart restless
The tale of my sorrows could not conveyed at the sacred grave of my Lord(ﷺ)

I cannot find the shadow of the sun,
In the darkness of the night approach of sun rays is not possible

The lack of zeal to alter our condition is evident
despite enduring various forms of disgrace

The bonds of kinship within this Islamic nation remain unchanged
yet the splendour of past centuries is not sustained

To alter circumstances according to my wish
I humbly ask my Lord(ﷺ)
To bestow the ability

(۹)

شمیمِ ذوقِ عمل مدتوں سے آئی نہیں
نمودِ عشق ہمالہ، خلوص رائی نہیں

تڑپ رہا ہے یہ دل حاضری کو مدت سے
پہنچ کے روضے پہ رودادِ غم سنائی نہیں

مجھے نصیب نہیں آفتاب کا پرتو
شبِ سیاہ میں لمعات کی رسائی نہیں

ہم اپنا حال بدلنے کا عزم ہار گئے
اگرچہ کون سی ذلت ہے جو اٹھائی نہیں

بجا! کہ ملتِ بیضا کی نسبتیں ہیں وہی
مگر اب اس میں وہ پہلی سی خوش ادائی نہیں

بدل کے رکھ دوں یہ ماحول اپنی مرضی سے
مرے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ توفیق میں نے پائی نہیں

Presenting something in the court of Almighty Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)
for His pleasure is beyond my means, as my begging bowl of
deeds remains empty

If only the air could convey my message before the court of my
Master(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)
That I lack the communication skills

Mercy is needed, O my Master(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)
Your majesty would also not like to see me ridiculed

I am distant from my immediate surroundings
as no sympathizer individuals find space in this environment

Extensive precautions are required
Aziz! Devotional poetry praising the Master(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)
transcends love poems for beloved women

جو نذر کر کے میسر ہو رب کی خوشنودی
کچھ ایسی کاسۂ اعمال میں کمائی نہیں

پہنچ کے روضۂ انور پہ یہ صبا کہہ دے
''کہ مجھ کو منزلِ اظہار تک رسائی نہیں'' (احمد فراز)

حضور ﷺ ہی کی عنایات کی ضرورت ہے
پسند آپ کو بھی میری جگ ہنسائی نہیں

میں آپ اپنے ہی ماحول سے گریزاں ہوں
کہ اس میں درد نوازوں کی اب سمائی نہیں

ہزر طرح کی یاں احتیاط لازم ہے
عزیزؔ مدحتِ آقا ﷺ! غزل سرائی نہیں

⑩

Fear of Accountability

When the divine court of accountability is established
may I witness the splendour of the Holy Prophet(ﷺ)

Indeed, I was standing with head bowed in the presence of the Noble King(ﷺ)
it feels as if all these conversations were a dream

The yearning for the presence before my Master(ﷺ)has turned crimson
maybe it will take on the form of a rose

Whoever deviates from good deeds after embracing faith
has personally tarnished and ruined his life

His(ﷺ)cloud of mercy showers blessings everywhere
how effortless it is to attain his(ﷺ)mercy

This kindness is not lacking for me in distance
I continue to pay homage to the Holy Prophet(ﷺ)

O Intercessor of nations!(ﷺ)The sinners wish that on the Day of Resurrection
they are spared from questioning, please intercede

(۱۰)

قائم ہو جب بھی بزم سوال و جواب کی
میں شان دیکھ پاؤں رسالت مآب ﷺ کی

ہاں میں بھی سر جھکائے کھڑا تھا حضورِ شاہ ﷺ
لگتا ہے یوں کہ جیسے یہ باتیں ہوں خواب کی

خوں رنگ ہوگئی ہے حضوری کی آرزو
شاید اِسے نصیب ہو صورت گلاب کی

ایماں کے ساتھ جس نے عمل سے کیا گریز
اُس نے تو اپنی آپ ہی مٹی خراب کی

اُن ﷺ کا سحابِ لطف برستا ہے ہر طرف
رحمت ہے کیسی عام، رسالت مآب ﷺ کی

مجھ پر یہ لطف کم تو نہیں ہے کہ ہجر میں
کرتا ہوں نذر شعرِ عقیدت ، جناب ﷺ کی

Everyone should come embodying the true character of the
Exalted King(ﷺ)
this is the genuine practice to pave the way for a concrete new
revolution

When the great intercession takes place, there is hope
that I too will be in the sight of the Holy Prophet(ﷺ)there

Oh, if all the people of this gathering could hear this voice!
"Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)has answered [in acceptance] your prayers"

The people of Ummah approach the Intercessor of
Doomsday(ﷺ)
holding on to the rope of the Quran's teachings

When prostration is performed there by the leader of
mankind(ﷺ)
the wrath of Almighty Allah will transform into mercy

A hundred thanks, even for the poetry composing time Aziz
My heart has chosen the path of eulogizing the Prophet(ﷺ)

اے شافعِ امم ﷺ! ہے تمنائے عاصیاں
نوبت کبھی نہ آئے سوال و جواب کی

ہر فرد سیرتِ شہِ والا ﷺ میں ڈھل کے آئے
تجسیم ہو تو یوں ہو نئے انقلاب کی

ظاہر ہو جب شفاعتِ کبریٰ تو ہے امید
میں بھی رہوں نظر میں وہاں آنجناب ﷺ کی

اے کاش اہلِ بزم سبھی یہ صدا سنیں!
''اللہ نے تمھاری دعا مستجاب کی''

پہنچیں حضورِ شافعِ محشر ﷺ سب امتی
حبل المتین تھامے ہوئے الکتاب کی

ہوں گے جو سجدہ ریز وہاں سید الانام ﷺ
رحمت مآب ہوگی، تجلی عتاب کی

صد شکر شعر گوئی کے ہنگام بھی عزیزؔ
دل نے صراطِ نعتِ نبی ﷺ انتخاب کی

⑪

Beneficence of Huzur(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

The highest beneficence of yours on us, O my Master(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم), is
that you informed us about our Creator

The benefactor who blesses us, provides us with food and
comforts to raise us up

The greatest beneficence of yours on us, O my Master(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)is
that we discovered the wealth of the Quran through your
Propitiatory offerings

Which helped us access knowledge and intuition
You bestowed insight upon the wise

The most significant beneficence of yours towards human
beings, O my Master(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)was the conception of a world of
light

By the grace of Almighty Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)
The man found the opportunity to communicate with his
Creator(سبحانہٗ تعالیٰ)
And in between Creator and Created came the exalted being of
Mercy for All worlds(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

(۱۱)

احسانِ حضور ﷺ

سب سے بڑھ کر آپ کا احسان ہے ہم پر حضور ﷺ
آپ نے ہم کو بتایا ہے کہ خالق کون ہے؟

نعمتیں دیتا ہے ہم کو کون سا منعم یہاں
پالتا ہے کون ہم لوگوں کو، رازق کون ہے؟

سب سے بڑھ کر آپ کا احسان ہے ہم پر حضور ﷺ
دولتِ قرآں بھی ہم کو آپ کے صدقے ملی

علم و عرفاں کے خزانوں تک رسائی ہوسکے
وہ بصیرت بھی اولی الابصار کو تقسیم کی

سب سے بڑھ کر آپ ﷺ کا احسان ہے انسان پر
نور کی دنیاؤں کا آیا اسے پختہ یقیں

ہم کلامی کا شرف بخشا جو خالق نے اسے
درمیاں میں آئی ذاتِ رحمۃ للعالمیں ﷺ

This mercy of all the worlds (ﷺ) gifted a new world of light
and fragrance to empty spaces, O Aziz

Humanity truly found their Creator and sustainer (سبحانہٗ تعالیٰ) in
this world
when they embraced their Master (اللہ سبحانہٗ تعالیٰ) they got everything
therein

رحمۃ للعالمیں ﷺ کے فیض نے بخشا اسے
اک جہانِ نورو نکہت ان خلاؤں میں عزیزؔ

مل گیا رب آدمی کو، اس جہاں میں بے گماں
جب ہوئی پہچان رب کی، مل گئی ہر ایک چیز

⑫

Dedication

In the name of the night distant from the beloved(ﷺ)
even amidst its darkness
My yearning to reach Taiba spreads light everywhere
For those deprived eyes
that were ready to give up the sight on the path to Taiba and are still ready[to do so]
And for those hearts stirred by deep desires to reach Taiba
Every alphabet of my esteemed poem is dedicated
In homage to their purity of spirit and thoughts that radiate brightness
Thus calming my restless heart

To every poet who lacks the means to reach Taiba
Whose poetic expressions of esteem illuminate their yearnings

(۱۲)

انتساب

ہجر کی شب کے نام
جس کی تاریکیوں میں بھی
''طیبہ رسی'' کی تمنا نے ۔۔۔۔۔ ہر سو
اُجالا کیا
ایسی محروم آنکھیں
جو طیبہ کی راہوں میں
بینائیاں وار دینے کو تیار تھیں
اور ہیں
ایسے دل، جن میں طیبہ رسی کی
تمنائیں بیدار ہیں
میری مدحت کے سارے حروف
ان کے جذبوں کی پاکیزگی
اور نزہت کے نام

جن کے فکری دریچوں سے
چھن چھن کے ہر آنے والی
کرن
اور تابندگی نے

Yet their eyes have not beheld the blessed
countenance of the King of Taiba(ﷺ)
Only the gleam of reaching Taiba remained
candle-bright in their eyes Until it flickered out
Over the course of fourteen centuries
My poetry is an ode to all those caravans
Who journeyed towards Taiba
With praising poets of the Master(ﷺ)among
them
Each with a soul ablaze
And eyes full of anticipation
Bearing the longing for the Tomb of the King of
religion(ﷺ)
In the path to Taiba
they became martyrs
In the name of all camel riders and mariners
Whose destination was Taiba
But who found themselves engulfed by the
ocean's waves
and became one with the sea
Those travellers who embarked on the roads to
Taiba

مرے قلبِ مضطر کو تاباں کیا
ایسے ہر شاعرِ بے وسیلہ کے نام
جس کی مدحت میں
طیبہ رسی کی تمنائیں روشن رہیں
پر، وہ آنکھیں درِ شاہِ طیبہ ﷺ
کے منظر سے عاجز رہیں
صرف امیدِ طیبہ رسی
کی کرن
شمع ساں ان کی آنکھوں میں روشن رہی
اور وہ بجھ گئیں
چودہ صدیوں میں
طیبہ کی جانب رواں
کاروانوں کے نام
جن میں مدحت گزرانِ آقا ﷺ
بھی تھے
سب کے سب مضطرب روح
بے تاب آنکھیں لیے
روضۂ سرورِ دیں ﷺ کا سودا لیے
راہِ طیبہ میں وارے گئے
قافلوں کے سبھی ساربانوں کے نام
اُن سفینوں کے نام
جن کی منزل تو طیبہ تھی

Carrying dreams in their eyes
Setting off from their homes
Yet losing their lives along the way
And becoming eternal
The caravans that in deserts and uninhabited lands
Fell prey to the harsh desert winds
Losing their names and marks
Vanishing en route
Travellers embarking towards Taiba
Soaring into the sky
Only to be enshrouded by cruel surroundings
Crushed and buried
In honour of the restless heart
The body that lost its worth
The soul yearning to reach Taiba
In spirit
Hoping to arrive there
Still radiant with the flicker of life's essence
Even at the final breath

لیکن کہیں بحر کی تُند موجوں میں پھنس کر
سمندر کا حصہ بنے
شاہراہوں میں چلتے ہوئے
جو مدینے پہنچنے کے خوابوں کو
آنکھوں میں اپنی سجائے
گھروں سے چلے تھے۔۔۔مگر
راہ میں کھو گئے
اورامر ہو گئے
کارواں، دشت وصحرا کی
بے رحم صرصر کی زد میں رہے
اور گم ہو گئے
جن کے نام ونشاں
راہ میں مٹ گئے

وہ مسافر جو طیبہ کی جانب چلے
آسماں پر اُڑے
اور وہیں سے فضاؤں کے
بے رحم قدموں تلے دب گئے
اور کچلے گئے

قلبِ مضطر کے نام
جسمِ بے زر کے نام

In homage to Ghalib (a renowned poet)
who humbly requested the King
to take him for the sacred journey
Ghalib offered to present his Hajj pilgrimage
reward to the King of Hindustan
Should the King takes him for visiting there
The dedication of my poetry
echoes Ghalib's words
I also present to Iqbal
Whose thoughts' birds perpetually soared under
the skies of Taiba
Finding radiance in everything with the light of
the Holy Prophet(ﷺ)
In reverence to Faiz Ahmad Faiz
Who masterfully penned devotional verses in
praise of the Holy Prophet(ﷺ)
His thoughts illuminated by the light of Islam
His words echoing the culture of Islam
throughout his life,
Reminding us to recall God's name
even amongst the faithless
Faiz recollected our ancestors
who inscribed truth with blood on stones and
deserts

جان مضطر۔۔۔کہ جس کو بدن کی رفاقت میں
طیبہ پہنچنے کی امید نے
آخری سانس تک
زندگی کی رمق کا اُجالا دیا

غالبِ خستہ جس نے کہا
شاہ سے
نذر کردوں گا میں
اجرِ حج آپ کی
گر مجھے شاہِ ہندوستاں
لے چلیں
ساتھ اپنے وہاں(۱)
انتسابِ سخن
غالبِ خستہ کے
اُس سخن سے بھی ہے!
نذرِ اقبال کرتا ہوں میں یہ سخن
جس کی تخئیل کے طائروں کی
اُڑانیں ہی طیبہ میں تھیں
جس کو ہر شے میں
نورِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے گماں
ضوفشاں ہی ملا(۲)

Whose lips always whispered longing to behold the Prophet(ﷺ)
Expressing joy at the mere thought of seeing the Prophet(ﷺ)
My words draw wisdom from Faiz,
And so, the dedication of this book of longing shines bright

فیض کے نام!
جس نے اشاروں کنایوں میں
نعتیں کہیں (۳)
جس کے آدرش میں
دینِ اسلام کی
روشنی ہی رہی
جس کے لفظوں میں
تہذیبِ اسلام تاعمر زندہ رہی
جس نے الحاد کیشوں میں رہ کر بھی
نامِ خدا ہی لیا (۴)
جس کی یادوں میں ایسے ہی آباء رہے
سنگ وصحرا پہ جو

روشنائی سے اپنے لہو کی ۔۔۔رقم
سچ ہی کرتے رہے (۵)
اور جس کے لبوں پر لقائے نبی ﷺ
کا ترانہ رہا
جو حدیثِ نشاطِ لقائے نبی ﷺ
خود رقم کر گیا (۶)

میرے الفاظ میں
فیضؔ کا فیض ہے (۷)
اس لیے انتسابِ کتابِ تمنا بھی
تابندہ ہے!

۱۔ غالب جو اس سفر میں مجھے ساتھ لے چلیں
حج کا ثواب نذر کروں گا حضور کی

۲۔ ہر کجا بینی جہانِ رنگ و بو
آں کہ از خاکش بروید آرزو
یا زنورِ مصطفیٰ ﷺ او را بہاست
یا ہنوز اندر تلاشِ مصطفیٰ ﷺ است

(جہاں جہاں رنگوں اور خوشبوؤں کی دنیائیں دیکھتے ہو، ایسی دنیائیں جن کی خاک سے آرزو جنم لیتی ہے۔ یا تو ان کی قیمت اور چمک دمک نورِ نبی ﷺ سے قائم ہے یا وہ دنیائیں آپ ﷺ کے نور کی متلاشی ہیں۔۔۔جاوید نامہ)

۳۔ ملاحظہ ہو ''غزل میں نعت کی جلوہ گری''۔۔۔ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی (نعت رنگ ۹۔ص ۱۳)

۴۔ ہوئی پھر امتحانِ عشق کی تدبیر بسم اللہ (نسخہ ہائے وفا۔۔ص ۳۳۱)

۵۔ ''بہ نوکِ شمشیر'' سرِ وادیِ سینا۔۔۔نسخہ ہائے وفا۔۔ص ۴۶۸

۶۔ ایں جا فقط حدیثِ نشاطِ لقائے تو (اس طرف صرف آپ ﷺ کے دیدار کی خوش کی باتیں ہیں۔۔۔نسخہ ہائے وفا۔۔ص ۷۰۲)

۷۔ انتساب [سرِ وادیِ سینا] نسخہ ہائے وفا۔۔ص ۳۸۹۔

⑬

Plea

I wish I could compose couplets
exemplifying the unparalleled devotion expressed
in praise of the Holy Prophet(ﷺ)
O Prophet!(ﷺ)Your compassionate gaze and
approval are sought
to guide my pen in capturing the essence of
reverent poetry
May I, like Hassan(رضی اللہ عنہ) learn the art of
composing poetry that exalts

(۱۳)

عرضداشت!

ایسے اشعار لکھوں جن کی نظیر اور مثال
شعرِ مدحت کے خزانے میں بھی
عنقا ٹھہرے!
یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کی تائید و نگاہِ کرمِ خاص
کی حاجت ہے کہ اب
میرا قلم
جوہرِ مدح و ثنا کی نئی دنیا پا جائے
یعنی مجھ کو بھی
بسانِ حسّان رضی اللہ عنہ
شعر کہنے کا سلیقہ آ جائے!!!

⑭

If Every Nation were to Grasp the Concept of Prophethood

If every nation were to grasp the concept of Prophethood
Then every individual could acquaint themselves with brotherhood

When my Master(ﷺ)set foot on the desert of lies
The dwellers of the desert and mountains acquainted themselves with truth

Truly, the stains of sins are washed away once the heart feels shame

The Master(ﷺ)imparted simplicity to his followers
Yet the Ummah now competes in extravagance akin to Pharaoh

Humanity has regressed to beasts by straying far from religion
Although Prophet-hood enlightened them with grace

Those who followed the sacred King(ﷺ)
of the world
Indeed find contentment amidst worldly distractions

(۱۴)

ہو اگر ہر قوم دنیا میں رسالت آشنا
پھر تو ہر انسان ہوجائے اخوت آشنا

جھوٹ کے صحرا میں جب رکھا قدم سرکار ﷺ نے
بندۂ دشت و جبل ٹھہرا صداقت آشنا

ڈھل ہی جاتے ہیں جرائم کے بھی دھبے بالیقیں
ایک ساعت کو اگر دل ہو ندامت آشنا

سادگی آقا ﷺ نے سکھلائی تھی امت کو مگر
رِیس میں فرعون کی اب ہے یہ شوکت آشنا

دور ہو کر دین سے انساں بھی حیواں بن گیا
گورسالت نے کیا تھا اس کو حرمت آشنا

سیرتِ سرور ﷺ کی جس نے پیروی کی، بالیقیں
ہو گیا دنیا میں رہ کر وہ سکینت آشنا

The conduct of the Master(ﷺ)granted peace to the nation's hearts
Yet the fallacy of neglect has left them susceptible to punishment

O Aziz! With the Ummah's misdeeds
religion itself is being tarnished
If only the Ummah of the Exalted Prophet(ﷺ)would regain some modesty

اُسوۂ آقا ﷺ نے بخشا تھا سکونِ قلب و جاں
بھول کا اس کو ہوئی یہ قوم شامت آشنا

دین کو بدنام کرتی ہے یہ دنیا میں عزیزؔ
اُمتِ خیرالوریٰ ﷺ ہو کاش، غیر آشنا

⑮

Urge to Refine Character

I urge you, my audience, to refine your character first
then Compose devotional odes in honour of Mustafa(ﷺ)

Follow the conduct of the Prophet(ﷺ)
Prove your sincerity in your love for Him(ﷺ)

To render his due
By doing so, you will draw closer to Him(ﷺ)Let your heart
become compassionate

Strive to spread truth always
Keep your heart pure as transparent as a mirror

Refrain from a luxurious life
And follow in the footsteps of Muhammad(ﷺ)

Live in this world as a servant of His(ﷺ)
Uphold the grace of our religion

(۱۵)

پہلے کردار کی جلا کیجے
اور پھر مدحِ مصطفٰے ﷺ کیجے

اُن ﷺ کی سیرت نگاہ میں رکھ کر
اپنی الفت کا حق ادا کیجے

ان ﷺ سے قربت بھی مل ہی جائے گی
دل کو کچھ درد آشنا کیجے

صدق پھیلایئے زمانے میں
دل کو مانندِ آئنہ کیجے

عشرتِ زندگی سے موڑ کے منہ
پیرویٔ نقوشِ پا کیجے

بن کے اُن ﷺ کے غلام دنیا میں
پاس ناموسِ دین کا کیجے

Break free from all forms of idols of love
Shed every type of prison

Look at yourself in the mirror of His(ﷺ)conduct, O Aziz!
Reflect and introspect on yourself

توڑ کر سب محبتوں کے صنم
خود کو ہر قید سے رِہا کیجے

اُن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کے آئینے میں عزیزؔ
آپ اپنا مشاہدہ کیجے

⑯

Dedication

Dedicated to him(ﷺ)
I lay my roses and all tokens of reverence at his feet
Beloved across ages
he(ﷺ)is the essential bloom of every
Garden
the trustee of Prophet-hood
in the era when Adam(علیہ السلام)was being sculpted from water and clay
The rivers of deep love flowed towards him(ﷺ)
Yesterday and today reverence still drifts towards him(ﷺ)
With astonishment, I fix my gaze upon him
drawn by the singular source of my love towards him(ﷺ)
The chandelier of my emotions is kindled by his (ﷺ)light
the king of deserts and
hills

(۱۶)

انتساب!

اُس ﷺ سے منسوب کروں
اُس ﷺ کی ہی نذر میں سب گزرانوں
یہ عقیدت کے گلاب اور سمن
جو ﷺ ہے محبوبِ زمن
جو ﷺ ہے مطلوبِ چمن
جو ﷺ نبوت کا امیں ٹھہرا تھا
اُس گھڑی!
جب کہ ابھی آدمؑ بھی
آب اور گِل سے نہیں گزرا تھا
کل بھی تھیں اس ﷺ کی طرف۔۔۔عشق کی نہریں جاری
آج بھی سیلِ عقیدت ہے اُسی سمت رواں
میں بایں دیدۂ حیراں۔۔۔۔اُسی جانب نگراں
میرے ہر جذبۂ الفت کا
وہی ﷺ سرچشمہ
میرے احساس کی قندیل
اُسی ﷺ سے روشن
وہ ﷺ شہِ دشت و دمن

the sovereign of orators
whose words carried the fragrance of Prophet-
hood
To witness the beauty of truth in his words
a daring eye would be required
for his(ﷺ)message is the heartbeat
echoing from one side to eternity
The signs of his(ﷺ)love shine brightly
as he(ﷺ)is the king of jinn and men
the grace of the moon and the sun
In the scorching desert heat
the tree of his mercy becomes the destination
For who came as a human being
in between land and sky
he(ﷺ)alone stands perfect
in the realm of soul he(ﷺ)the radiant faced
stood the sole essence of life
stood as the life's only object

وہ ﷺ شہنشاہِ سخن
جس ﷺ کے تکلم میں بسی تھی خوشبو
جس ﷺ کے الفاظ میں تنویرِ رسالت کی جھلک
تا بہ ابد
وہ نظر دیکھ سکے گی جس کو
تابِ نظّارگیٔ حسنِ صداقت ہوگی
وہ نظر کتنی قیامت ہوگی !!!
اُس ﷺ کا پیغام دلوں کی دھڑکن
از کراں تا بہ کراں
اُس ﷺ کی عقیدت کے نشاں
روشن تر
وہ ﷺ شہِ جن و بشر
زینتِ شمس و قمر
اُس ﷺ کی رحمت کا شجر
دھوپ کے دشت میں
ہر شخص کی منزل ٹھہرا
آدمی بن کے جو آیا تو
دریں ارض و سما
بس وہی ﷺ کامل ٹھہرا
قریۂ جاں میں وہی ﷺ نور شمائل ٹھہرا
زیست کا حاصل ٹھہرا

⑰

Fragment of Devotional Verse

In this terrestrial realm, my body resides, not my soul
Yet, my heart yearns incessantly to dwell in the sacred aura of Taiba

My soul chants ode of praise at the hallowed tomb of my beloved, Muhammad(ﷺ)
While my heart expresses a longing that encompasses a love

destined to rest beneath the soil of Madinah
Engaged in dialogues of anguish over being distant from the Chosen One(ﷺ)

May this state of heart and eyes endure eternally
Until the final embrace of death

May this yearning be absolved
I pray for the tree of longings to bear fruit. O Aziz!
that I may stand well-mannered before Him(ﷺ)in every moment of life

(۱۷)

نعتیہ قطعہ بند!

اِن فضاؤں میں جسد ہے، روح کب موجود ہے
دل کو طیبہ کی فضاؤں کی ہے پیہم جستجو

روح میری روضۂ اقدس پہ ہے مدحت سرا
کر رہا ہے پیش دل میرا وہ حرفِ آرزو

جس میں ہے ارضِ مدینہ میں سما جانے کا شوق
جس میں ہجرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درد کی ہے گفتگو

کاش یہ کیفیّتِ قلب و نظر قائم رہے
تادمِ آخر تمنا ہو سکے یوں سرخرو

بار آور ہو شجر یوں آرزوؤں کا عزیزؔ
دست بستہ میں رہوں ہر لمحہ اُن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روبرو

⑱

Celestial Journey(The Secret of Maeraj)

In the fleeting hours of a single night
a celestial journey unfolded towards the heavens
predetermined for the Master, Muhammad(ﷺ)

as the universe dawned on its first day of creation
It was expedient for him(ﷺ)to witness the magnificence of
Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)
and impart this divine knowledge
to humanity
as he himself had acquired

In the realm of mortals
he(ﷺ)alone is the chosen one
summoned by the Almighty Allah(سبحانہٗ تعالیٰ)
to reveal His(سبحانہٗ تعالیٰ) veiled
countenance

Perhaps, the extent of knowledge perceived at the level of an
eyewitness can be comprehended by somebody
for the luminescence of the universe radiates from one Mustafa
(ﷺ)to another.

(۱۸)

رمزِ معراج!

رات کے چھوٹے سے حصے میں سفر تا لامکاں
روزِ اول ہی سے آقا ﷺ کے لیے مخصوص تھا

مصلحت یہ تھی کہ وہ دیکھیں سبھی آیاتِ حق
اور دیں انساں کو سارا علم خود دیکھا ہوا

عالمِ انسانیت میں آپ ﷺ وہ انسان ہیں
رب نے بلوا کر جنھیں دیدار کا موقع دیا

علم کی عین الیقیں تک وسعتیں دیکھے کوئی
روشنی آفاق کی ہے مصطفیٰ ﷺ تا مصطفیٰ ﷺ

(ہر عیب سے) پاک ہے وہ ذات جس نے سیر کرائی اپنے بندے کو رات کے قلیل حصے میں مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک، بابرکت بنایا ہے ہم نے جس کے گردونواح کو تاکہ ہم دکھائیں اپنے بندے کو اپنی قدرت کی نشانیاں [آیت ۱، سورۃ بنی اسرائیل ۱۷، ترجمہ ضیا القرآن]

⑲

Message of Forgiving

As I reflect upon my sins
my heart is enveloped in fear
veins constrict
thoughts whirl in my head
I find no refuge between the earth and the sky
Yet, when I turn towards Your mercy
O my Creator(سبحانہٗ تعالیٰ)
I am filled with joy and tranquility
for You have proclaimed
"O my Prophet!(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)convey to my servants:
I am the All-Forgiving,
the Most Merciful Lord!"
Share this glad tidings

Inspired from the Surah 15,verse No.49: "Proclaim to My servants: that I am the Most-forgiving, the Ever-Merciful(Lord).

(۱۹)

پیامِ مغفرت!

دیکھتا ہوں جب گناہوں کی طرف اپنے
تو دل پُرہول ہوجاتا ہے
نبضیں ڈوبنے لگتی ہیں
سر چکرانے لگتا ہے
زمیں اور آسماں میں کوئی بھی
جائے اماں
مجھ کو نظر آتی نہیں ہے
مگر جب تیری رحمت پر نظر جاتی ہے
میری!
تو مرے رب!
میں ہمیشہ شاد ہوجاتا ہوں
تو نے خود کہا ہے
[اے نبی] کہہ دو!
مرے بندوں سے
میں خود مغفرت فرمانے والا ہوں
بڑا ہی مہرباں ہوں
یہ۔۔۔خبر دیدو!

سورۃ: الحجر ۱۵، آیت نمبر ۴۹ کی روشنی میں کہی گئی۔۔۔"[اے نبی] میرے بندوں کو خبر دے دو کہ میں مغفرت کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہوں"

⑳

Poetic Form to Express Love of the Holy Prophetﷺ

A poetic expression intertwined with the Prophet(ﷺ)
I express my gratitude a hundredfold for being drawn towards this path

Tears hold immeasurable worth if you deem them so
Even Hell's flames can be doused by eyes moist with emotion

The companions(رضی اللہ عنہم)of the Prophet(ﷺ)
embody justice
and are beloved by Muslims worldwide

Just as the world cherishes light
if should abhor the darkness of the night

The name Taiba whispers a message of renewal of spring
entwined with the budding rose of a believer's heart!

I am Ahsan among the slaves of slave of Prophet's(ﷺ) followers
for humility has distanced me from pride

(۲۰)

اک صنفِ سخن جس کا تعلق ہے نبی ﷺ سے
صد شکر کہ نسبت ہے طبیعت کو اسی سے

انمول ہیں آنسو بھی کرو قدر کچھ ان کی
دوزخ بھی بجھا سکتے ہو آنکھوں کی نمی سے

ہیں عدل کے پیکر سبھی اصحابؓ، نبی ﷺ کے
اُلفت ہے مسلماں کو بلاشبہ سبھی سے

جس طرح اُجالوں کی پرستار ہے دنیا
اے کاش ہو نفرت بھی اسے تیرہ شبی سے

ہے نام میں طیبہ کے وہ پیغامِ بہاراں
ہے جس کا تعلق دلِ مؤمن کی کلی سے

میں اُن ﷺ کے غلاموں کے غلاموں میں ہوں احسنؔ
ہے کیش مرا دُور بہت کج کُلہی سے

㉑

Hope of Reaching Taiba

Aziz, the city of the Holy Prophet(ﷺ)
beckons my longing
yet the chasm that separates us becomes my adversary

I yearn for the sweet aroma of the Prophet's(ﷺ) to converse
thus my speech carries the fragrance of musk

Hope of reaching Taiba, never leaves me alone!
For you is the only guiding light in my darkest nights

My own lethargy turns me into my adversary
leaving no external foes in this world

O Huzur(ﷺ)how can I encapsulate
the restless turmoil within my heart
My thoughts are tattered

the art is raw and words like charred clay
yet my anguished heart cries resound
pleading to your majesty O my Lord!(ﷺ)

(۲۱)

عزیزؔ شہرِ نبی ﷺ شہرِ آرزو ہے مرا
مگر یہ بُعدِ مکانی بڑا عدو ہے مرا

نبی ﷺ سے طِیبِ تکلم کی بھیک مانگتا ہوں
اِسی لیے سخنِ نعت، مشک بو ہے مرا

اُمیدِ طیبہ رسی، منہ نہ موڑنا مجھ سے
اندھیری رات میں واحد چراغ تو ہے مرا

میں خود ہی بے عملی سے ہوا ہوں دشمنِ جاں
جہاں میں اور کوئی شخص کب عدو ہے مرا

حضور ﷺ! حالِ دلِ مضطرب لکھوں کیسے
کہ پیرہن ہی خیالوں کا بے رفو ہے مرا

ہنر بھی خام ہے الفاظ بھی خزف ہیں مگر
حضور ﷺ! نالۂ دل بھی لہو لہو ہے مرا

Despite my current state leading me astray
the purity of faith
through the blessings of poetic verses
remains intact

If only I could convey to the land of Taiba, "Ahsan!
Though my body slumbers,
my dreams are filled with thoughts of you alone"

یہ عہدِ لشکرِ شیطاں میں مجھ کو کھینچتا ہے
یقیں بہ فیضِ ثنا اب بھی سرخ رو ہے مرا

زمینِ طیبہ سے اے کاش کہہ سکوں احسنؔ!
کہ نیند میری سہی، خواب صرف تو ہے مرا

LITERARY CONTRIBUTION/ACTIVITIES:

• Dr. Aziz Ahsan has an impressive publication record with 30 books to his credit, covering poetry and criticism in both Urdu and English.

• His involvement in various literary organizations such as the Iqbal Academy Pakistan and the Qaid-e-Azam Writers Guild reflects his commitment to the literary community.

• Dr. Ahsan's role as a Director at the Na'at Research Centre in Karachi showcases his dedication to promoting research in a specific literary domain.
He has been a dedicated beholder of the renowned journal of Naatia Literature "NAAT RANG" for the last 30 years.

INTRODUCTION OF AUTHOR:

Name: Abdul Aziz Khan
S/o Abdul Hameed Khan
Pen Name: Aziz Ahsan
Education:
Ph.D Urdu, 2012,
M.Phil Iqbal Studies, 2008
M.A.Islamic History, 1985
LL.B. 1978
B.Com 1970,
Passed Exams of Oriental Languages: Urdu Fazil, 1971,
Farsi Fazil, 1974.

Dr. Aziz Ahsan, a distinguished poet and critic, has illuminated literary realms with the radiant glow of his artistry. He has to his credit 27 books in Urdu, including six volumes of poetic works, four of which are devotional poetry. Additionally, two English treatises have been published, namely "EXCELLENCE OF NA'AT... Conditions and Standard" and "The Creative Aesthetics of Na'at".

Indeed, this treatise we hold in admiration is a true reflection of his profound poetic genius and adept translation skills, showcasing his effortless command of both Urdu and English languages in articulate sentiment. The Urdu devotional verses crafted by Dr. Aziz Ahsan are a treasure trove of his deep sensitivity and eloquent craftsmanship.

With great anticipation, we present Dr. Aziz Ahsan's latest work, titled Longing to Pay Homage... A Collection of Translated Hymns and Devotional Poems in Honour of the Holy Prophet Muhammad (ﷺ), expecting a warm embrace from the esteemed literary community.

Sabih Rehmani

NAAT RESEARCH CENTRE, KARACHI

9 789698 918934

Rs. 800/-